سوال

(8) کیا انبیاء کرام نے نبی کریم کا امتی ہونے کی دعا کی؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نبی کریم سے پہلے آنے والے تمام انبیاء کرام نے آپ کے امتی ہونے کی دعا کی تھی۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

تمام انبیاء کرام کی دعا کے حوالے سے کوئی روایت ہمارے علم میں نہیں ہے۔صرف سیدنا موسی علیہ السلام کے حوالے سے ملتا ہے کہ انہوں نے اللہ تعالی سے امت محمدیہ کا فرد ہونے کی دعا کی تھی۔اور سیدنا موسی علیہ السلام کی اس دعا کو امام طبری نے اپنی تفسیر میں نقل کیا ہے۔(تفسیر طبری: سورۃ الاعراف: 150)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتوی کمیٹی

محدث فتوی